© rasailojaraid.com



# تحریک ختم نبوت کے کام میں پیش رفت

عبداللطیف خالد چیمہ *

متحدہ تحریک ختم نبوت رابطہ کمیٹی پاکستان کے زیر اہتمام ۲۸؍دسمبر ۲۰۰۸ء کو لاہور کے ہمدرد ہال میں منعقدہ ”کل جماعتی ختم نبوت علماء کنونشن“ کے کامیاب انعقاد پر ہم اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتے ہیں اور اُن سب اکابر حضرات علماء کرام اور ساتھیوں کے بے حد ممنون ہیں جنھوں نے اس کنونشن کو ہر پہلو سے کامیاب بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جبکہ پرنٹ والیکٹرانک میڈیا نے بھی یہ کنونشن کا پیغام دنیا تک پہنچانے میں ہمارا بھرپور ساتھ دیا اور عوام وخواص کو اس محاذ پر تمام مکاتبِ فکر کا ہم آہنگ ہو کر یکجا نظر آنا یقیناً ایک اچھا شگون ہے، جس کا الحمدللہ تمام حلقوں میں خیر مقدم کیا گیا ہے۔

تمام مکاتبِ فکر پر مشتمل مرکزی رابطہ کمیٹی کو اس صورتحال سے حوصلہ ملا ہے اور موجودہ ملکی بحران کے پس منظر میں قادیانی سازشوں کو بے نقاب کرنے کے لیے منصوبہ بندی الحمدللہ اگلے مرحلے میں داخل ہو رہی ہے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ اسی نوع کا اگلا کنونشن ۱۴؍فروری بروز ہفتہ گوجرانوالہ میں ہوگا۔ جب کہ راولپنڈی یا اسلام آباد میں بھی ایک بڑے کنونشن کے لیے رابطوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ملک کے مقتدر حلقوں، سیاست دانوں اور دیگر طبقات تک اپنی بات پہنچانے کے لیے ملک وملت کے خلاف ہونے والی خطرناک سازشوں اور ان سازشوں کے اصل کردار (قادیانی گروہ) کے حوالے سے ضروری مواد تیار کیا جا رہا ہے۔ آنے والے دنوں میں اس مہم کو ان شاءاللہ تعالیٰ دھیرے دھیرے مزید تیز کیا جائے گا۔

تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنے اور تجدید عہد کے لیے مجلس احرار اسلام پاکستان کے زیر اہتمام لاہور، چناب نگر، ملتان اور چیچہ وطنی سمیت ملک بھر میں ختم نبوت کانفرنسوں کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ اپنے اکابر کے طریق پر چلتے ہوئے ہم سب مل جل کر اس مشن کو آگے بڑھانے کی منصوبہ بندی میں احتیاط اور برداشت سے کام لیں اور اصل دشمن کی چالوں کو سمجھ کر فتنۂ ارتداد مرزائیہ کے تعاقب کے لیے مزید مستعد ہو جائیں۔

* سیکرٹری جنرل مجلس احرار اسلام پاکستان



© rasailojaraid.com